# ATTOCK CEMENT PAKISTAN LIMITED

D-70, Block - 4, Kehkashan - 5, Clifton, Karachi - 75600 Ph: (021) 35309773, 35309774 Fax: 35309775

## Notice of the Extraordinary General Meeting

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting of Attock Cement Pakistan Limited (the "Company") will be held on **Tuesday, October 20, 2026 at 10:00 hours** at Jacranda Family Club, DHA Phase-II, Islamabad as well as through video conference facility to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To elect seven (7) Directors of the Company in accordance with the number fixed by the Board of Directors through a circular resolution passed on September 10, 2026, for a period of three (3) years commencing from the date of election.

   The names of retiring directors are as follows

   1. Lt. Gen. Anwar Ali Hyder, HI (M), Retd.
   2. Lt. Gen. Muhammad Saeed, HI (M), Retd.
   3. Mr. Mudassir Husain Khan
   4. Ms. Shabnam Faqir Mohammad
   5. Mr. Aamer Mahmud Malik
   6. Mr. Waqar Ahmad Khan
   7. Mr. Mohammad Majid Munir

   The retiring directors are eligible for the re-election.

2. To transact any other business with permission of the Chairman.

By Order of the Board

**IRFAN AMANULLAH**
Company Secretary

Karachi:
September 29, 2026

**Participation in Extraordinary General Meeting (EOGM) through Electronic means:**
The shareholders intending to participate in the meeting via video link are hereby requested to share following information for obtaining video link and login credentials, with the office of the Company Secretary (modes of communication are mentioned below) at the earliest but not later than 48 hours before the time of the EOGM i.e. before 10:00 a.m. on Sunday, October 18, 2026.

**Required information:**
Shareholder's Name, CNIC Number, Folio / CDC Account No., Active Mobile Phone Number and Email address for timely communication.

**Modes of Communication:**
a) Mobile / WhatsApp: 0308-0972181
b) Email: eogm@attockcement.com

**Notes:**

1. The Register of members and share transfer books of the Company will remain closed from Tuesday, October 13, 2026 to Tuesday, October 20, 2026 (both days inclusive).
2. Only those members whose names appear in the register of members of the Company as on Monday, October 12, 2026 are entitled to attend and vote at the meeting.
3. Members are requested to immediately notify any changes in their addresses.

CDC Account Holders will have to further follow the guidelines as laid down in Circular No. 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities & Exchange Commission of Pakistan.

**For appointing proxies:**

i) A member entitled to attend, speak and vote at the meeting may appoint any other person as his / her proxy to attend, speak and vote on his / her behalf. Proxies must be received at the Registered Office of the Company duly signed but not later than 48 hours before the time of holding the meeting.

ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners shall be furnished with the proxy form.

iv) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.

v) Proxies who are attending meeting on behalf of the members through video link are also required to provide below information. Video link details and login credentials will be shared with the eligible proxy after verification..

**Required information:**
Name of Proxy, CNIC Number, Folio / CDC Account No. of Member, active Mobile Phone Number and email address of proxy.

**Requirements of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018**
The members are hereby notified that pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 (the "Regulations"), as amended through SRO 2192(I)/2022 dated December 05, 2022, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP"), the SECP has directed all the listed companies to provide the right to vote through electronic voting facility and voting by post to the members on all businesses classified as special business and in case of election of directors, if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159(1) of the Act.

Accordingly, members of the Company will be allowed to exercise their right to vote through electronic voting facility or voting by post in the forthcoming EOGM to be held on Tuesday, October 20, 2026 at 10:00 hours at Jacranda Family Club, DHA Phase-II, Islamabad, in accordance with the requirements and subject to the conditions contained in the aforesaid Regulations.

For the convenience of the Members, ballot paper and proxy form are available on the Company's website at www.attockcement.com for download.

**A. Procedure for E-Voting:**

i. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company before the close of business on Monday, October 12, 2026.

ii. The web address, login details, and password, will be communicated to the members via email. The security codes will be communicated to the members through SMS and email accordingly.

iii. Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

iv. E-Voting lines will start from Tuesday, October 13, 2026 at 05:00 p.m. and shall close on Monday, October 19, 2026 at 5:00 p.m. Members can cast their votes any time during this period. Once the vote is casted by a Member, he / she shall not be allowed to change it subsequently.

**B. Procedure for Voting through Postal Ballot:**
The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with copy of CNIC, should reach the Chairman of the meeting through post at the Company's registered address at D-70, Block-4, Kehkashan-5, Clifton, Karachi, not later than one day before the EOGM i.e. Monday, October 19, 2026, during working hours. The signature on the ballot paper shall match the signature on CNIC.

**Appointment of Scrutinizer:**
In accordance with Regulation No.11 of the aforesaid Regulations, the Board of Directors has appointed M/s. A.F. Ferguson & Co, Chartered Accountants, a QCR rated audit firm, to act as the Scrutinizer of the Company for the voting at the election of directors and to undertake other responsibilities as defined in Regulation No.11A of the Regulations.

**Election of Directors:**
For Election of Directors, any person who seeks to contest the Election shall, whether he / she is a retiring director or otherwise, send his / her nomination for election, duly signed by the member or members making the nomination or by their duly authorized representative to the Company at its Registered Office i.e. Attock Cement Pakistan Limited, D-70, Block-4, Kehkashan-5, Clifton, Karachi, which should be received not less than fourteen (14) days before the date of the Meeting in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017.

**Candidates for Directorship:**
Every nomination of a candidate for Election must be accompanied with the following documents:

- Duly signed consent to act as a Director (in an Appendix to Form-9) as required by the Companies Act, 2017 read with the Companies Regulations, 2024;
- Declaration for being compliant with the requirements of the Regulations and the eligibility criteria as set out in the Companies Act, 2017 to act as a Director of listed Company;
- Confirmation that he / she is not serving as Director in more than seven listed Companies simultaneously provided that this limit shall not include the directorship in the listed subsidiary;
- A detailed profile along with a copy of valid CNIC, Folio or CDC account number, contact details and office address; and
- In case of Independent Director, a declaration of the Candidate as per the Regulations.

Potential Candidate may contact the Company through cfo@attockcement.com for any query or assistance on the above.

The final list of contesting directors will be circulated not later than seven days before the date of the said Meeting.

**Prohibition on Grant of Gifts to Shareholders:**
The SECP through its Circular 2 of 2018, dated February 9, 2018 and S.R.O.452(I)/2025 dated March 17, 2025 has strictly prohibited the Companies from providing gifts or incentives, in lieu of gifts (tokens / coupons / lunches / takeaway / packages etc) in any form or manner, to the shareholders at or in connection with general meetings.

**Statement Under Section 166 of the Companies Act, 2017 - Regarding Independent directors:**
Independent Directors shall be elected in accordance with the applicable criteria set out for independence under section 166 of the Companies Act, 2017 and the Companies (Manners and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018. Further, the Regulations issued there under and their names should be listed on the databank of independent directors maintained by Pakistan Institute of Corporate Governance.

However, the candidate shall be elected in the same manner as other directors are elected in terms of Section 159 of the Companies Act, 2017.

▲

37cmx4col.

# ATTOCK CEMENT PAKISTAN LIMITED

D-70, Block - 4, Kehkashan - 5, Clifton, Karachi - 75600 Ph: (021) 35309773, 35309774 Fax: 35309775

## غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) کا نوٹس

اطلاع دی جاتی ہے کہ اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ (''کمپنی'') کا غیر معمولی اجلاسِ عام، **مورخہ 20 اکتوبر 2026ء، بروز منگل، صبح 10:00 بجے** جکرانڈا فیملی کلب، ڈی ایچ اے فیز-II، اسلام آباد میں منعقد ہوگا، جبکہ اجلاس میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے بھی شرکت کی جا سکے گی، تاکہ درج ذیل امور انجام دیے جا سکیں:

**عمومی کارروائی**

1- کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا، جو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 10 ستمبر 2026ء کو منظور کردہ سرکلر قرارداد کے ذریعے مقرر کردہ تعداد کے مطابق ہوگا۔ منتخب ڈائریکٹرز کی مدتِ عہدہ انتخاب کی تاریخ سے تین (3) سال ہوگی۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

1- لیفٹیننٹ جنرل انور علی حیدر، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ریٹائرڈ
2- لیفٹیننٹ جنرل محمد سعید، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ریٹائرڈ
3- جناب مدثر حسین خان
4- محترمہ شبنم فقیر محمد
5- جناب عامر محمود ملک
6- جناب وقار احمد خان
7- جناب محمد ماجد منیر

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لیے اہل ہیں۔

2۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر معاملے پر غور اور کارروائی کی جائے گی۔

بحکم بورڈ

کراچی:
29 ستمبر 2026ء

عرفان امان اللہ
(کمپنی سیکریٹری)

**الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) میں شرکت**

وہ شیئر ہولڈر جو ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی اسناد حاصل کرنے کے لیے درج ذیل معلومات کمپنی سیکریٹری (رابطے کے ذرائع ذیل میں درج ہیں) کے دفتر کو فراہم کریں۔ یہ معلومات اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل، یعنی اتوار، 18 اکتوبر، 2026ء کو صبح 10:00 بجے سے پہلے فراہم کرنا ضروری ہیں۔

**مطلوبہ معلومات:**

شیئر ہولڈر کا نام، شناختی کارڈ (CNIC) نمبر، فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر، بروقت رابطے کے لیے فعال موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس۔

**رابطے کے ذرائع:**

a) موبائل/ واٹس ایپ: 0308-0972181
b) ای میل: eogm@attockcement.com

**نوٹس:**

1۔ کمپنی کا رجسٹر آف ممبرز اور شیئر ٹرانسفر بکس بروز منگل، 13 اکتوبر 2026ء سے منگل، 20 اکتوبر 2026 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گے۔

2۔ صرف وہی اراکین جن کے نام 12 اکتوبر 2026ء کو کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے، اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے حق دار ہوں گے۔

3۔ اراکین سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کو فوری طور پر مطلع کریں۔

CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے 26 جنوری 2000ء کو جاری کردہ سرکلر نمبر 1 میں وضع کردہ ہدایات پر بھی عمل کریں۔

**پراکسی مقرر کرنے کے لیے:**

i) اجلاس میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والا کوئی بھی رکن اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی فارم پر باقاعدہ دستخط کیے گئے ہوں اور وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانا چاہیے۔

ii) پراکسی فارم کی دو افراد بطور گواہ تصدیق کریں گے، اور فارم پر ان کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبرز (CNIC) درج ہونا ضروری ہیں۔

iii) پراکسی فارم کے ساتھ اصل حصص کے حقیقی مالکان (Beneficial Owners) کے شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول جمع کرانا ضروری ہے۔

iv) اگر رکن کوئی کارپوریٹ ادارہ ہو تو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ مجاز دستخط کے نمونے پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرانا ہوگا، بشرطیکہ یہ دستاویز پہلے فراہم نہ کی گئی ہو۔

v) وہ پراکسی حضرات جو اراکین کی جانب سے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کریں گے، انہیں بھی درج ذیل معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ تصدیق کے بعد اہل پراکسی کو ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ اِن کی معلومات فراہم کر دی جائیں گی۔

**مطلوبہ معلومات:**

پراکسی کا نام، شناختی کارڈ (CNIC) نمبر، رکن کا فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر، پراکسی کا فعال موبائل فون نمبر اور پراکسی کا ای میل ایڈریس۔

**کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018ء کے تقاضے**

اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018ء (''ریگولیشنز'') کے تحت، جن میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے 5 دسمبر 2022ء کو جاری کردہ SRO 2192(I)/2022 کے ذریعے ترمیم کی گئی ہے، SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ خصوصی کاروباری امور (Special Business) سے متعلق تمام معاملات، اور اسی طرح ڈائریکٹرز کے انتخاب کی صورت میں، اگر انتخاب کے لیے امیدوار بننے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 159 (1) کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، تو اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ اور پوسٹل کے ذریعے کی سہولت کے ذریعے ووٹ دینے کا حق فراہم کریں۔

چنانچہ، کمپنی کے اراکین کو ہونے والے غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM)، جو بروز منگل، 20 اکتوبر 2026ء، صبح 10:00 بجے جکرانڈا فیملی کلب، ڈی ایچ اے فیز-II، اسلام آباد میں مذکورہ بالا ریگولیشنز میں درج تقاضوں اور شرائط کے مطابق الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا بذریعہ پوسٹل بیلٹ ووٹ دینے کا حق حاصل ہوگا۔

اراکین کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر اور پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.attockcement.com پر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے بھی دستیاب ہے۔

**A۔ ای ووٹنگ کا طریقۂ کار:**

i۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبرز، موبائل نمبرز اور ای میل ایڈریسز کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں 12 اکتوبر 2026ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک درج ہوں گے۔

ii۔ ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔ اسی طرح سیکیورٹی کوڈز اراکین کو ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے ارسال کیے جائیں گے۔

iii۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہش مند اراکین کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کے لیے مقرر کردہ تصدیقی طریقۂ کار کے ذریعے کی جائے گی۔

iv۔ ای ووٹنگ کا عمل 13 اکتوبر 2026ء کو شام 5:00 بجے شروع ہوگا اور 19 اکتوبر 2026ء کو شام 5:00 بجے اختتام پذیر ہوگا۔ اراکین اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ ووٹ ڈالنے کے بعد رکن کو اپنے ووٹ میں بعد ازاں تبدیلی کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**B۔ بذریعہ ڈاک بیلٹ ووٹنگ کا طریقۂ کار:**

اراکین اس امر کو یقینی بنائیں کہ باقاعدہ طور پر پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل، اجلاس کے چیئرمین تک ڈاک کے ذریعے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے، واقع D-70، بلاک-4، کہکشاں-5، کلفٹن، کراچی پر غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) سے کم از کم ایک دن قبل، یعنی پیر 19 اکتوبر 2026ء کو دفتری اوقات کے دوران پہنچ جانا چاہیے۔ بیلٹ پیپر پر کیے گئے دستخط CNIC پر موجود دستخط سے مطابقت رکھتے ہوں۔

**اسکروٹنائزر کی تقرری:**

مذکورہ بالا ضوابط کی شق نمبر 11 کے مطابق، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ جو کہ QCR ریٹڈ آڈٹ فرم ہے، کو کمپنی کے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ہونے والی ووٹنگ کے اسکروٹنائزر (Scrutinizer) کے طور پر مقرر کیا ہے، تاکہ وہ ووٹنگ کے عمل کی نگرانی کریں اور ضوابط کی شق نمبر 11A میں بیان کردہ دیگر ذمہ داریاں بھی انجام دیں۔

**ڈائریکٹرز کا انتخاب**

ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہش مند ہر شخص، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور، انتخاب کے لیے اپنی نامزدگی ارسال کرے گا۔ نامزدگی پر نامزد رکن یا اراکین، یا ان کے باقاعدہ مجاز نمائندے کے دستخط ہونا ضروری ہیں۔ یہ نامزدگی کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ، D-70، بلاک-4، کہکشاں-5، کلفٹن، کراچی پر کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 159(3) کے تحت اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل موصول ہو جانی چاہیے۔

**ڈائریکٹر کے امیدوار**

انتخاب کے لیے ہر امیدوار کی نامزدگی کے ساتھ درج ذیل دستاویزات ضروری ہیں:

- کمپنیز ایکٹ، 2017 کو کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ساتھ ملا کر پڑھنے کی صورت میں مطلوبہ تقاضے کے مطابق، ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات انجام دینے پر رضامندی کی باقاعدہ دستخط شدہ دستاویز، جو فارم-9 کے ضمیمہ (Appendix) میں شامل ہو؛
- اس امر کا اعلامیہ کہ امیدوار ریگولیشنز کے تقاضوں اور کمپنیز ایکٹ، 2017ء میں درج اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہے اور لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دینے کا اہل ہے؛
- اس امر کی تصدیق کہ وہ بیک وقت سات (7) سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام نہیں دے رہا/ رہی، تاہم اس حد میں لسٹڈ ذیلی کمپنی میں ڈائریکٹرشپ شامل نہیں ہوگی؛
- دفتری پتے اور رابطے کی تفصیلات کے ساتھ امیدوار کا تفصیلی تعارف/ پروفائل، مع درست CNIC کی نقل، فولیو یا CDC اکاؤنٹ نمبر؛ اور
- آزاد ڈائریکٹر کی صورت میں امیدوار کی جانب سے ریگولیشنز کے مطابق اعلامیہ بھی جمع کرانا ہوگا۔

ممکنہ امیدوار مذکورہ بالا امور سے متعلق کسی سوال یا معاونت کے لیے کمپنی سے cfo@attockcement.com پر رابطہ کر سکتا/ سکتی ہے۔

انتخاب میں حصہ لینے والے ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل جاری کر دی جائے گی۔

**شیئر ہولڈرز کو تحائف دینے کی ممانعت**

SECP نے 9 فروری 2018ء کے سرکلر نمبر 2 اور 17 مارچ، 2025 کے S.R.O.452(I)/2025 کے ذریعے کمپنیوں کو جنرل میٹنگز میں یا ان کے سلسلے میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی قسم کے تحائف یا مراعات دینے سے سختی سے منع کیا ہے۔ اس میں تحائف کے بدلے یا ان کی جگہ فراہم کیے جانے والے ٹوکن، کوپن، لنچ، ٹیک اوے، پیکیجز وغیرہ بھی شامل ہیں۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 166 کے تحت بیان برائے آزاد ڈائریکٹرز**

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 166 اور کمپنیز (مینرز اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018ء میں آزاد حیثیت کے لیے مقرر کردہ قابلِ اطلاق معیار کے مطابق کیا جائے گا۔ مزید برآں، متعلقہ ریگولیشنز کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کے نام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیرِ انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں درج ہونا ضروری ہے۔

تاہم، امیدوار کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 159 کے تحت دیگر ڈائریکٹرز کی طرح ہی کیا جائے گا۔

37cmx4col.